# Military Lands and Cantonments Department
## Cantonment Board Bahawalpur

Ahmadpur Road Near Chowk Fawara Bahawalpur
Phone No. 062-9255311, Fax No. 0629255313
Email: canttboardbwp@gmail.com


No.CBB /Adv/1465 Dated the 19 November, 2024.

To

Mr. Rizwan Mehmood,
Assistant Director (IT / Web),
Public Procurement Regulatory Authority,
Ist Floor FBC Building, Near State Bank,
Sector G-5/2, Islamabad.

Subject: - **ADVANCE PAYMENT OF UP-LOADING FEE.**

Please find enclosed herewith crossed cheque No. 48934750 dated 19 amounting to Rs. 30,000/- for advance payment in lieu of following auction notices.

| S No. | Letter No. | Amount (Rs) |
|---|---|---|
| 1. | No. CBB/Adv/1454 Dated 18-11-2024. | 15,000/- |
| 2. | No. CBB/Adv/1455 Dated 18-11-2024. | 15,000/- |

2. In view of above, it is requested that above mentioned auction notices (copies enclosed) may please be uploaded on PPRA website forthwith enabling this office to proceed further with the matter.

**Cantonment Executive Officer**
Bahawalpur Cantonment

---

Cantonment Executive Officer
Bahawalpur Cantonment

NBP National Bank of Pakistan نیشنل بینک آف پاکستان

Not over Rs 30000/-

Cheque No. 48934750

Date 19 11 2024

NATIONAL BANK OF PAKISTAN
0701-FARID GATE BAHAWALPUR
FARID GATE BAHAWALPUR

Pay Public Procurement Regulatory Authority Islamabad or bearer

Rupees thirty thousand only

PKR =30000/=

PK54NBPA0701003080910062
CANTONMENT EXECUTIVE OFFICER BWP CANTT

Cantonment Executive Officer
Bahawalpur Cantonment
Signature

Please do not write below this line.

⑈48934750⑈0700701⑆0701003080910062⑈000⑈

Military Lands and Cantonments Department
Cantonment Board Bahawalpur
Ahmadpur Road Near Chowk Fawara Bahawalpur
Phone No. 062-9255311, Fax No. 0629255313
Email: canttboardbwp@gmail.com

No. CBB/Advertisement/ 1455 dated 18 November, 2024.

# کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کینٹ

## نوٹس نیلامی ایک عدد پلاٹ برائے کمرشل استعمال

ہر خاص و عام کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور اپنے درج ذیل خالی پلاٹ کو عارضی سٹرکچر کے ساتھ کسی بھی کمرشل استعمال کے لیے پلاٹ کے حقوق کرایہ داری پانچ سال کے عرصہ کے لیے ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر دینے کے لیے کھلی نیلامی منعقد کر رہا ہے، نیلامی مؤرخہ 10/12/2024 کو دن 12 بجے دفتر کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور میں ہوگی۔ مذکورہ بالا تاریخ کو بولی نہ ہونے / مسترد ہونے یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوبارہ بولی 11/12/2024 کو اور سہ بارہ بولی 12/12/2024 کو ہوگی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ پلاٹ کی تفصیل درج ذیل ہے

| تفصیل | زرضمانت | پلاٹ کے ماہانہ کرایہ کی ریزرو پرائس |
|---|---|---|
| خالی پلاٹ واقع مال روڈ، دوبئی چوک، بہاولپور (1 کنال) | مبلغ -/6,00,000 روپے | مبلغ -/125000 روپے ماہانہ |

### شرائط و ضوابط

1۔ بولی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات کو درج بالا زرضمانت قابل واپسی بمطابق پیپرا قواعد بشکل کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر بہاولپور مع کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی نیلامی کی تاریخ سے ایک دن قبل دن 2 بجے تک دفتر ہذا میں جمع کرانا لازمی ہوگی جو اول اور دوم آنے والے بولی دہندگان کے علاوہ باقی تمام حضرات کو نیلامی کے اگلے روز واپس کر دی جائیں گی۔

2۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کے واجبات ہوں، دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر تین ماہ کا پیشگی کرایہ بطور سیکیورٹی (قابل واپسی) موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ واضح رہے کہ موقع پر سیکیورٹی کی رقم کی ادائیگی کی ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور ضبط کر لیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر آنے والے کامیاب بولی دہندہ کو شرائط کی تکمیل کے لیے کہا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کینٹونمنٹ بورڈ کو ماہانہ کرایہ کے سال کے 12 ایڈوانس چیک جمع کروائے گا۔ کینٹونمنٹ بورڈ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک چیک اپنے اکاؤنٹ میں جمع کروا سکے گا۔ کرایہ دار اپنے حقوق کرایہ داری کی معیاد میں ہر آنے والے سال کے لیے 12 ایڈوانس چیک انگریمنٹ کے ساتھ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

5۔ کوئی بھی چیک باؤنس ہونے کی صورت میں کینٹونمنٹ بورڈ حقوق کرایہ داری کینسل کرنے کا مجاز ہوگا۔

6۔ پلاٹ کے صرف ماہانہ کرایہ کی بولی ہوگی اور کرایہ داری کی پہلی مدت پانچ سال ہوگی جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ ماہانہ کرایہ میں ہر سال کے اختتام پر کم از کم 10 فیصد یا افراط زر کو ایڈجسٹ کرنے کے لئے کوئی بھی معقول اضافہ ہوگا۔ کرایہ داری کی پہلی پانچ سالہ مدت ختم ہونے کے بعد کینٹونمنٹ بورڈ پلاٹ کے آخری سال کے کرایہ میں کم از کم 25 فیصد اضافہ کر کے دوسری اور تیسری پانچ سالہ مدت کے لئے تجدید کر سکتا ہے، تاہم تیسری مدت کے بعد کرایہ داری کی تجدید نہیں ہوگی۔

7۔ پلاٹ کے حقوق کرایہ داری بورڈ کی مقرر کردہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی پر ٹرانسفر ایبل ہیں۔ کینٹونمنٹ بورڈ نئے کرایہ دار کے ساتھ کرایہ داری کی بقیہ مدت کے لئے کرایہ داری کا نیا ایگریمنٹ کرے گا۔

8۔ بولی کی حتمی منظوری بورڈ / مجاز اتھارٹی کے تابع ہوگی۔ بولی کی حتمی منظوری کے بعد عارضی اسٹرکچر کی تنصیب کیلئے بولی کی منظوری کی تاریخ سے اگلے اڑھائی ماہ کا گریس پیریڈ دیا جائے گا۔

9۔ کرایہ دار کو بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل / رجسٹریشن بمطابق رجسٹریشن ایکٹ 1908 کرانا ہوگی، جس میں مزید مفصل شرائط شامل کی جائیں گی۔

10۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کے لیے متعلقہ شخص کی طرف سے مختار نامہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

11۔ سٹرکچر عارضی نوعیت کا ہوگا یعنی فائبر شیٹ / کنٹینر / حرکت پزیر (moveable) کی اجازت ہوگی، کسی قسم کی پختہ تعمیر کی ہرگز اجازت نہ ہوگی مزید سٹرکچر کی تزئین و آرائش، مرمت و نگہداشت بذمہ کرایہ دار ہوگی۔ کرایہ دار بجلی، پانی، سیوریج، سوئی گیس وغیرہ کی تنصیب کے اخراجات اور ان کے ماہانہ بلوں کی ادائیگی خود کرے گا۔

12۔ کینٹونمنٹ پراپرٹی رولز 1957 کے تحت تمام کاروائی عمل میں لائی جائے گی نیز پیپرا قوانین لاگو ہونگے۔

13۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا۔

14۔ مزید کسی بھی معلومات کے لیے کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کینٹونمنٹ بورڈ بہاولپور کی ٹیکس برانچ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

15۔ کینٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس ملتان ثالث تصور ہوگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

کنٹونمنٹ بورڈ بہاولپور